**فوری ریلیز کے لیے: 15/12/2022** **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کی جمعرات سے ہفتے تک ریاست نیو یارک کے بیشتر حصوں میں متوقع طور پر متاثر کرنے والے سردی کے طوفان سے بچنے کے لیے پیشگی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تاکید***

***ملک کے شمالی حصوں میں 12 سے 18 انچ برف پڑنے کا امکان ہے، جبکہ موہاک ویلی کے کچھ حصوں، وسطی نیو یارک، جنوبی سلسلہ اور دارالخلافہ کے علاقوں میں ہفتے کے روز تک 8 سے 12 انچ تک برف پڑنے کا امکان ہے***

***مغربی نیو یارک، فنگر لیکس، جنوبی سلسلہ، اور وسطی نیویارک میں برف باری کی مخلوط سرمائی صورتِ حال اور بارش متوقع۔***

***سردی کا موسم متعدد علاقوں میں خطرناک سفری صورتِ حال کا باعث بنے گا، جبکہ شدید برف باری والے علاقوں میں بجلی منقطع ہونے کا بھی امکان ہے***

***گورنر Hochul نے جمعرات کی دوپہر سے جمعے کے روز تک متاثرہ خطوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی تاکید کی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج سردی کے طوفان کی پیشنگوئی کے باعث ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے ریاست کے بیشتر حصوں، بالخصوص ملک کے شمالی حصے، موہاک ویلی، دارالحکومتی علاقہ، مڈ ہڈسن اور وسطی نیو یارک کے علاقوں میں جمعرات سے شروع ہو کر جمعے کے روز تک جاری رہنے والی برف باری اور بارش کے پیشِ نظر پیشگی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تاکید کی ہے۔ جمعرات سے شروع ہو کر، ملک کے شمالی حصوں میں 12 سے 18 انچ یا اس سے زائد برف باری ہو سکتی ہے، جبکہ موہاک ویلی کے علاقے، وسطی نیو یارک، جنوبی سلسلہ اور دارالحکومتی علاقے میں ہفتے کے روز تک ایک فٹ تک برف پڑنے کا امکان ہے، جبکہ جمعرات کی رات اور جمعے کے روز ممکنہ طور پر برف باری کی انتہائی شرحیں دو انچ فی گھنٹہ ہو سکتی ہیں۔ اس دوران برفیلی بارش یا ژالہ باری کے باعث بڑی مقدار میں برف کے انبار متوقع نہیں۔ تاہم، جمعرات کی شام سے شروع ہو کر سفری صورتِ حال خطرناک ہو گی اور برف اس قدر نم اور کثیف ہو سکتی ہے کہ یہ مقامی بجلی کے انقطاع کا باعث بنے گی۔ گورنر Hochul نے نیو یارک کے باشندوں کو اپنے مقامی موسم کی صورت حال کی جانچ کرنے، جمعرات کی شام سے جمعے کے روز تک موسمی صورت حال میں تبدیلیوں کے لیے تیار رہنے، اور متاثرہ علاقوں میں بلاضرورت سفر سے اجتناب کرنے کی تاکید کی ہے۔

"میں ریاست کے شمالی خطے میں برف اور منجمد پانی کے جمع ہونے کے باعث نیو یارک کے تمام باشندوں کو جمعرات اور جمعہ کے روز احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور بجلی کے ممکنہ انقطاع سمیت مشکل آمدورفت کے لیے تیار رہنے کی ترغیب دیتی ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک کے باشندوں کو تحفظ فراہم کرنے کی خاطر ہماری ایمرجنسی ریسپانس ایجنسیاں ان آنے والے چند دنوں کے دوران پیش آنے والے اس طوفان کے لیے بالکل تیار ہیں اور وہ ہمہ وقت اس کارروائی میں مشغول رہیں گی۔"

موسم کی صورتِ حال میں برف باری کی پیشنگوئی کے ساتھ، نیو یارک شہر اور لانگ آئیلینڈ کے خطوں میں جمعرات کی دوپہر سے شروع ہو کر ہفتے کی صبح تک دو انچ تک بارش ہونے کا امکان ہے۔ یہ بارش جمعرات کی دوپہر کو مخلوط سرمائی صورتِ حال کی شکل میں شروع ہو سکتی ہے جو کہ شام کے وقت آمدورفت کو ممکنہ طور پر متاثر کر سکتی ہے۔

ہفتے کے روز تک متعدد ریاستی علاقوں میں موسم کے حوالے سے متعدد انتباہات اور تجاویز جاری کی گئی ہیں۔ اپنے علاقے میں موسمی انتباہات کی مکمل فہرست کے لیے، اپنے علاقے کی قومی موسمیاتی سروس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیو یارک ڈویژن برائے قومی سلامتی اور ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "آج اور کل کے دن اپنی مقامی موسمِ صورت حال پر خصوصی نظر رکھیں۔ بیشتر ریاستی علاقوں میں کم از کم کئی انچ تک برف باری کا امکان ہے جبکہ بعض علاقوں میں ایک فٹ سے زائد برف پڑے گی۔ بعض علاقوں میں جمعے کے روز سفر کرنا خطرناک ہو سکتا ہے، لہٰذا اگر آپ کو سفر کرنا پڑ جائے، تو دورانِ سفر اضافی وقت کو کام میں لائیں اور تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔"

## حفاظتی ٹِپس

**سفر**

محفوظ ڈرائیونگ کے لیے چند اہم ترین تجاویز میں شامل ہیں:

- بلاضرورت سفر نہ کریں۔
- پلوں پر احتیاط برتیں کیونکہ برف سڑکوں کی نسبت پل پر جلدی جم سکتی ہے۔
- اگر آپ پر سفر کرنا لازم ہے، تو دوران سفر یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی کار میں بقائے حیات کا سامان کمبل، بیلچہ، ٹارچ اور اضافی بیٹریز، اضافی گرم کپڑے، ٹائروں کی چینز، بیٹری بوسٹر کیبلز کا سیٹ، فوری توانائی کی حامل خوراکیں اور ہنگامی فلیگ کے طور پر استعمال کرنے کے لیے چمکدار رنگ کے کپڑوں کے ذخیرے موجود ہوں۔
- اگر آپ کے پاس سیل فون یا دو طرفہ ریڈیو سیٹ بطور دیگر مواصلاتی آلہ استعمال کے لیے دستیاب ہے، تو بیٹری کو چارج رکھیں اور جب بھی سفر کریں اپنے ساتھ رکھیں۔ اگر آپ برف میں پھنس جاتے ہیں، تو آپ مدد کے لیے کال کر سکیں گے، جان بچانے والے افراد کو اپنا محل وقوع بتا سکیں گے۔
- موسم سرما کے طوفانوں کے دوران اموات اور زخمیوں کی سب سے بڑی وجہ ٹرانسپورٹیشن کے حادثات ہیں۔ گاڑی چلانے سے قبل، یقینی بنائیں کہ آپ کی گاڑی برف اور پانی کے انجماد سے پاک ہے؛ واضح حدِ نگاہ اچھی ڈرائیونگ کی کنجی ہے۔ اپنے اسٹاپس کی منصوبہ بندی کریں اور کاروں کے درمیان زیادہ فاصلہ برقرار رکھیں۔ مزید چوکس رہیں اور یاد رکھیں کہ برفانی تودے چھوٹے بچوں کو چھپا سکتے ہیں۔ اپنی رفتار کو ہمیشہ سڑک اور موسمی حالات سے موافق رکھیں۔
- تمام سڑکوں پر گاڑی چلانے والے افراد کے لیے یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ سنو پلوز 35 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتے ہیں، جو کہ بہت سے معاملات میں مقرر کردہ رفتار کی حد سے کم ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پھیلایا گیا نمک ڈرائیونگ لینز پر موجود رہے اور سڑک کے اطراف پر پھیل نہ جائے۔ اکثر اوقات بین الریاستی ہائی ویز پر، سنو پلوز ساتھ اطراف میں چلتے ہیں، کیونکہ یہ ایک وقت میں کئی لینز کو صاف کرنے کا سب سے موثر اور محفوظ طریقہ ہے۔
- گاڑی چلانے والے افراد اور پیدل سواروں کو یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ سنو پلو ڈرائیوروں کی دیکھنے کی حد محدود ہوتی ہے، اور سنو پلوز کا سائز اور وزن ان کا تیزی سے ہینڈل کرنا اور رکنا بہت مشکل بنا سکتا ہے۔ پلو کے پیچھے سے برف اڑنے سے حد نگاہ شدید طور پر کم ہو سکتی ہے یا دھند کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ گاڑی چلانے والے افراد کو سنو پلوز کو اوور ٹیک کرنے یا ان کے قریب ہو کر گاڑی چلانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے۔ گاڑی چلانے والے افراد کے لیے گاڑی سنو پلوز کے پیچھے رکھنا جہاں سڑک صاف اور نمک زدہ ہو، زیادہ محفوظ ہے۔ جب سنو پلو کام کر رہا ہو تو اس کو کبھی اوور ٹیک کرنے کی کوشش نہ کریں۔

**جبری مشقت**

بھاری مشقت، جیسے برف کو اٹھانا، ملبہ صاف کرنا یا گاڑی کو آگے کھینچنا، دل کے دورے کا خطرہ بڑھاتا ہے۔ ایسے مسائل سے گریز کرنے کے لیے:

- خود کو گرم رکھیں، گرم لباس پہنیں، اور باہر کام کے دوران رفتار آہستہ کریں۔
- زیادہ مشقت سے بچنے کے لیے کثرت سے آرام کے وقفے کریں۔
- اگر آپ کو سینے میں درد محسوس ہو، سانس لینے میں دشواری ہو، یا اپنے جبڑے سے درد نیچے بازو تک جاتا ہوا محسوس ہو، تو آپ جو کام کر رہے ہوں، اسے چھوڑ دیں اور فوری مدد طلب کریں۔

**بجلی کی بندشیں**

- علاقے کی مرمت و بحالی کے شیڈول کا تعین کرنے کے لیے اپنی یوٹیلیٹی کو کال کریں۔
- سروس بحال ہونے پر سرکٹ اوورلوڈ سے بچنے کے لیے لائٹس اور آلات کو بند کریں یا پلگ سے نکال دیں؛ بجلی کب بحال ہوتی ہے، اس کی نشاندہی کرنے کے لیے ایک لائٹ آن رہنے دیں۔
- اگر سردی کے طوفان کے دوران گرمائش ختم ہو جائے، تو جن کمروں کی ضرورت نہیں ہے ان کو بند کر کے گرم رکھیں۔

**تحفظ برائے حرارت**

- متبادل گرمائش کے صرف اور صرف محفوظ ذرائع کا استعمال کریں جیسے کہ آتش دان، لکڑی یا کوئلے کا چھوٹا سوراخ دار چولہا یا منتقلی پذیر سپیس ہیٹرز۔
- ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں۔
- گرمائش کے متبادل ذرائع جیسے کہ آتش دان، لکڑی کا چولہا وغیرہ استعمال کرتے وقت ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس مناسب ہواداری کا بندوبست ہو۔
- پردوں، تولیوں اور صافیوں کو گرم سطحوں سے دور رکھیں۔
- آگ بجھانے والا آلہ اور دھوئیں کی نشاندہی کرنے والے آلات موجود رکھیں اور یقینی بنائیں کہ وہ کام کرتے ہوں۔
- اگر آپ مٹی کے تیل کے ہیٹرز اپنے معمول کے حرارتی فیول کی فراہمی کے لیے، یا حرارت حاصل کرنے کے ہنگامی ذریعہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں، تو درج ذیل حفاظتی تجاویز پر عمل کریں:
  -مینوفیکچررز کی ہدایات پر عمل کریں۔
  -اپنے یونٹ کے لیے صرف اور صرف درست فیول کا استعمال کریں۔
  -جب یونٹ ٹھنڈا ہو تو دوبارہ فیول بھرنے کے لیے صرف اور صرف بیرونی جگہ کا استعمال کریں۔
  -ہیٹر کو فرنیچر اور دیگر آتش گیر اشیاء سے کم از کم تین فٹ دور رکھیں۔
  -ہیٹر استعمال کرتے وقت، آگ سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر عمل میں لائیں اور مناسب ہواداری کا انتظام کریں۔

مزید حفاظتی تجاویز کے لیے، ملاحظہ کریں https://dhses.ny.gov/safety۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418